ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت بڑا سانحہ ہے، سینیٹر ایس ایم ظفر

مسلم لیگ (ق) کے سینیٹر کی نائن زیرو پر کنور خالد یونس اور دیگر سے تعزیتی ملاقات

کراچی۔۔۔16، اکتوبر 2010ء

ممتاز قانون دان وسابق وفاقی وزیر قانون اور مسلم لیگ (ق) کے سینیٹر ایس ایم ظفر نے جمعہ کی شام ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس سے ملاقات کی اور ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی اور رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم بھی موجود تھے۔سینیٹر ایس ایم ظفر نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق انتہائی ملنسار اور سنجیدہ رہنماء تھے جن کی ملکی و بین اقوامی سیاست پر گہری نظر تھی، ان کی شہادت یقیناً بڑا سانحہ ہے جو صرف ایم کیوایم ہی کا نہیں بلکہ ملک وقوم بھی نقصان ہے۔انہوں نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی مغفرت، ان کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی اور قائد تحریک الطاف حسین سمیت شہید کی بیوہ، بچوں، والدین اور دیگر سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔اس موقع پر میز بانوں نے سینیٹر کی نائن زیرو آمد اور تعزیت کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆